**آپ کے حقوق اور آپ کی صحت**

**حقوق کے کیوبیک چارٹراور شخصی آزادیوں میں کہا گیا ہے کہ** تمام بنی نوع انسان برابر ہیں اور وہ قانون کے ذریعے مساوی تحفظ کے مستحق ہیں۔

لہذا **چارٹر 10** میں « رنگ ونسل، صنف، حمل، جنسی بنیاد، سول اسٹیٹ، عمر( ماسوائے قانون کے ذریعے طے شدہ) مذہب، سیاسی اغراض، زبان، نسلی یا قومی ارتقاء، سماجی مرتبے، معذوری یا معذوری کےمعاوضے کے لیے کسی ذریعے کے استعمال کی بنیاد پر تفریق اور تشدد کی ممانعت کی گئ ہے»۔

**صحتی خدمات اور سماجی خدمات ایکٹ** کے تحت گراہکوں کو تفویض کردہ حقوق مندرجہ ذیل ہیں۔

- دستیاب صحتی دیکھ بھال اور سماجی خدمات و وسائل کے بارے میں **معلومات کا حق؛**
- دستیاب وسائل والی محفوظ تنصیب میں سائنسی، انسانی، سول اور انفرادی حیثیت میں **مناسب اور مسلسل خدمات کا حق؛**
- تنظیم کے مشن اور دستیاب وسائل کے پیش نظر، خدمات کی فراہمی کرنے والے پیشہ ور افراد اور ایجنسی کو **منتخب کرنے کا حق؛**
- ہنگامی دیکھ بھال خدمات حاصل کرنے کا **حق۔** کوئ بھی شخص جس کی زندگی اور انمانداری کوخطرہ ہواپنی حالت کے پیش نظر مطلوبہ دیکھ بھال کا مستحق ہے۔
- علاج ومعالجے کے حصول پر متفق ہونے سے قبل، کسی فرد کواپنی صحت کی صورتحال اور علاج ومعالجے کے متبادلات کے بارے میں **معلومات کا حق؛ اور** علاج ومعالجے کے دوران کسی ایسے حادثے کی صورت میں فوری **معلومات کا حق** جس سے اس کی صحت اور عافیت پر غلط نتائج مرتب ہوں؛
- کسی فرد کی حالت کے پیش نظر اس کے لئے ضروری **مناسب رہائش گاہ کا حق؛**
- کسی پیشہ ورانہ یا دیگر بد معاملگی کے سلسلے میں معاوضہ حاصل کرنے کا حق؛
- شکایات کے سرکاری لائحہ عمل کے تحت **شکایات درج کرانے کا حق؛**
- خون کی جانچ سے لے کر عضو عطیہ تک فراہم کئے جانےوالےعلاج ومعالجے کی قسم سے قطع **نظررضامندی دینے یا رضامندی سے انکار کا حق؛** رضامندی واضح، اطلاعاتی اور آزادانہ طور پر دی جانی چاہیے۔
- کسی شخص کی صحت کو متاثرکرنے والے کسی بھی فیصلے میں **شمولییت کا حق؛**
- فراہم کی جانے والی خدمات سے متعلق فیصلہ سازی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور مدد دینے کے لئے **ساتھ جانے اور مدد دیئے جانے کا حق؛**
- نابالغ اورغیرموزوں بالغ کےمعاملے میں نمائندگی کا حق
- کسی شخص کی میڈیکل فائل **رسائ** اور رازداری حاصل کرنے **کا حق؛**
- خدمات کو انگریزی میں حاصل کرنے کا حق بشرطیکہ ایجنسی کے پروگرام میں ضروری وسائل موجود ہوں؛

**صحت خدمات اورسماجی خدمات ایکٹ** میں انسانی، مادی اور مالی وسائل اور تنظیمی ڈھانچہ طے کیا گیا ہے جن کا مقصد ہے:

- *تمام خطوں کی جغرافیائی، لسانی، سماجی و ثقافتی، نسلی و ثقافتی اور سماجی و معاشی خصوصیات کو پیش نظر رکھنا* ***(آرٹیکل 2.5)؛***
- *وسائل، صحتی اور سماجی خدمات تک رسائی سے مشروط مختلف نسلی و ثقافتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی طرفداری کرنا****(آرٹیکل 2.7)؛***

**شکایت درج کرانا**

اگر آپ کے خیال میں آپ کے حقوق کا احترام نہیں کیا گیا ہے تو آپ مندرجہ ذیل سے رابطہ کرسکتےہیں:

- متعلقہ صحت دیکھ بھال ایجنسی کے شکایات کمشنر سے؛
- مونٹریال آئی لینڈ کے کمپلینٹس اسسٹنس اور کمپینیمنٹ سینٹر سے (سی اے اے پی-الی ڈی مونٹریال) 514-861-5998 پر؛
- کسی بھی حقوق انسانی حامی تنظیم سے

**صحتی دیکھ بھال کوریج اورمہاجر کی کیفیت**

رہائش پذیر مہاجروں (ایکریڈیٹیڈ ورکرس، کفالت یافتہ رشتہ دار، وغیرہ) کو کیوبیک کے ہیلتھ انشورینس پلان میں شامل کیے جانے سے پہلے، کوریج کے بغیر تین ماہ تک رہنا ہوگا، اس کا مطلب ہے کہ اس مدت کے دوران ان کو مفت صحت دیکھ بھال اور علاج و معالجہ کا کوئی حق حاصل نہیں ہوگا۔ تاہم، مندرجہ ذیل معاملات اس نو کوریج پالیسی سے مثتثنی ہوں گے: زچگی اور زچگی سے قبل دیکھ بھال اور فالو اپ؛ ازدواجی تشدد یا کنبہ جاتی تشدد یا جنسی تشدد کے شکار افراد اور انفیکشن سے ہونے والی بیماریوں کے شکار جس سے صحت عامہ کو خطرہ درپیش ہو۔

کیوبیک کے ہیلتھ انشورینس پلان میں شامل کیے جانے سے پہلے، نو کوریج پالیسی کے اہل افراد کواس مدت کے دوران حاصل ہونے والی تمام صحتی دیکھ بھال کے لیے ادائیگی کرنی ہوگی یا انہیں اپنے آپ کو

**کیناڈا آمد کے پانچ دن کے اندر**کسی نجی انشورینس پالیسی کےتحت رجسٹر کرانا ہوگا۔

پناہ گزین(یعنی جن کے پاس سرٹیفیکیٹ ڈی سلیکشن ڈو کیوبیک ہواورجن کو کیناڈا نے کنوینشن رفیوجی طے کردیا ہو) تین ماہ کی نو کوریج پالیسی کے تحت نہیں آتے ہیں۔ تاہم وہ پناہ گزین جو کارروائی کے زیر عمل ہوں انٹریم فیڈرل ہیلتھ پروگرام کے تحت آتےہیں جب تک کہ وہ آر اے ایم کیو کے ذریعے قانونی طور پراحاطے میں نہ آتے ہوں۔

کیوبیک میں، ہر ایک کے پاس **ڈرگ انشورینس پالیسی** ہونا چاہیے۔ اس کو کیوبیک کے ہیلتھ انشورینس پلان (آر اے ایم کیو) یا کسی پرائیویٹ پلان ( جو آپ کے روزگار سے جڑا ہوا ہوتا ہے) کے ذریعے فراہم کیا جاسکتاہے۔ اگر آپ نے کوئی پرائیویٹ انشورینس پلان لیا ہوا ہے، تو آپ (514)864-341 پر کال کرکے اس کی جگہ آر اے ایم کیو پلان لے سکتےہیں۔

**سی ایس ایس ایس**

سی ایس ایس ایس (یا ہیلتھ اینڈ سوشل سروسز سنٹر) عوامی ایجنسی ہے جوسی ایل ایس سی (یا لوکل کمیونٹی سروسز سنٹر)، جنرل ہاسپٹل اور سی ایچ ایس ایل ڈی (یا لانگ ٹرم ریزیڈنشل ہیلتھ کیئرسنٹر) کا احاطہ کرتی ہے جواسی علاقے میں کام کرتی ہے۔

سی ایل ایس سی کا مشن ہے علاج و معالجہ اور احتیاطی دونوں طرح کی صحت اور سماجی خدمات مہیا کرانا۔ اس میں وسیع النوع خدمات فراہم کرائی جاتی ہیں جیسے: میڈیکل صلاح و مشورہ، نرسنگ کیئر، ڈائٹیشین صلاح و مشورہ، بتدریج منحصر افراد کے لئے ہوم کیئر سروسز، ایچ آئ وی ایڈز اور ایس ٹی آئ ایس جانچ، ٹیکہ کاری اور خون کی جانچ، زچگی سے قبل پروگرام، مینٹل ہیلتھ اور منشیات سے متعلق باز آبادکاری کے بارے میں صلاح و مشورہ وغیرہ ۔

**ڈاکٹر سے صلاح و مشورہ**

کیوبیک میں، کسی ماہر (جلد، زچہ،مثانہ، ہڈی، چشم وغیرہ) سے صلاح و مشورہ کےلیے، آپ کو کسی جنرل پریکٹشنر(فیملی ڈاکٹر یا واک ان کلینک کے ڈاکٹر) نے ان کے پاس جانے کا مشورہ دیا ہونا چاہیے۔

**کیا آپ کو اپنی زبان میں کسی مترجم کی ضرورت ہے؟**

جن افراد کو فرانسیسی یا انگریزی زبان سمجھنے میں دقت ہو وہ مترجم کی خدمات حاصل کرسکتےہیں۔ اس کے لیے، پہلے ان کو اپنی ہیلتھ کیئر ایجنسی (سی ایل ایس سی، اسپتال، نرسنگ ہوم، کلینک وغیرہ ) کے پاس جانا چاہیے۔ یہ ایجنسیاں ان کے لیے مناسب انتظام کریں گی۔ یہ مترجم خدمات فراہمی کے مقام پر جائے گا/گی یا فون پر مترجم کی خدمت انجام دے گا/گی۔ یہ خدمت مفت ہے لیکن اس کی پہلے سے منصوبہ بندی کی جانی چاہیے۔

**انفو- سینٹے** 8 1 1 APPELEZ INFO-SANTÉ

اپنی یا اپنے افراد کنبہ کی صحت کےبارے میں کسی سوال کے لیے، آپ 8-1-1 پر فون کرکے نرس سے صلاح ومشورہ کرسکتے ہیں۔ یہ نرس صورتحال کا جائزہ لے گی، آپ کو مشورہ دے گی اور/یا آپ کو کسی مناسب ایجنسی (میڈیکل کلینک یا اسپتال کے ایمرجنسی وارڈ) میں بھیج دے گی۔ یہ خدمت مفت ہے؛ اوردن کے 24 گھنٹے دستیاب ہے۔

**اسپتال کا ایمرجنسی وارڈ**

ایمرجنسی وارڈ میں انتظار کافی طویل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو کوئی سنگین عارضہ لاحق نہ ہو،تو اسپتال جانے سے قبل کسی واک ان کلینک میں یا فون ان سینٹے (8-1-1) پر ڈاکٹر سے مشورہ کرلیں۔ **دل کے دورے، بےہوشی، سڑک حادثے، سریا ریڑھ کی ہڈی کی چوٹ** وغیرہ کی صورت میں، **9-1-1** پر فورا فون کرکے ایمبولینس بلائیں۔

**پوائزن (زہر) کنٹرول سنٹر**

CENTRE ANTIPOISON DU QUÉBEC 1 800 463-5060

یہ خدمت ہنگامی زہر کی صورت حال میں فورا کارروائی کرتی ہے۔ یہ خدمت مفت ہےاور 1 800 463-5060 نمبر پردن کے 24 گھنٹے دستیاب ہے۔

# SANTÉ-VOUS CHEZ-VOUS !

## کیوبیک میں صحت خدمات

(2010 ورژن)

ACCÉSSS

Version en urdu

یہ بروشر طویل اطلاعاتی سیشن کا تکملہ ہے۔ اس کا مطلب جامع نہیں ہے۔

اس بروشر کا ترجمہ منسٹیرے ڈی لا سنٹے ایت ڈیس سروسز سوشیاکس کی مدد سےممکن ہواہے۔ اس کے لئے شکریہ ۔